Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ دوشنبہ بتاریخ ۱۹ صفر سنہ ۱۳۵۶ھ مطابق یکم مئی سنہ ۱۹۳۷ء {جلد ۲۹}

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم واقع ۲۲ اپریل ۱۹۳۶ء

بملاحظہ کاغذات منسلکہ واضح ہوا کہ یوپی گورنمنٹ نے بعض مقامات پر چھ پائی اور بعض پر نو پائی فی من جاڑے تین پائی فی من ہوگئے کی قیمت میں ۱۰ اپریل سے تخفیف کا اعلان دیا ہے مگر ریاست کی دونوں فیکٹریوں نے اس اعلان سے فائدہ نہیں اٹھایا اور بدستور کاشتکاروں سے فیکٹری میں چار آنہ تین پائی اور دیگر اسٹیشنوں پر چار آنہ فی من گنا خرید کیا ہے نیز گیارہ لاکھ من گنا جو تین اپریل تک استادہ تھا پیلنے کا وعدہ کیا ہے۔ کمپنیوں کا یہ رویہ ریاست کے ساتھ معاہدہ کی پوری تکمیل کا ثبوت اور قابل تحسین ہے۔ بدولت واقبال اظہار مسرت وخوشنودی فرماتے ہیں

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔ بعد اجرائے احکام کاغذات واپس دارالانشاء کئے جائیں۔ ۲۴ اپریل ۱۹۳۶ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار واقع ۲۲ اپریل ۱۹۳۶ء

بدولت واقبال کے علم میں آیا ہے کہ سنہ ۳۵-۱۹۳۴ء کے بجٹ کے باوجود بھی چند صیغہ جات میں بجٹ سے زیادہ مصارف ہوئے ہیں۔ اس معاملہ میں سب سے زیادہ قصوروار بادرچیخانہ جامداری ہے جسمیں چھ ہزار سے زیادہ کی بیشی ہوئی ہے۔ یہ امر بدولت کی انتہائی ناخوشنودی کا باعث ہے اور آئندہ اس قسم کی فروگذاشتیں معاف نہیں کیجاسکتیں اگر کسی صیغہ میں مخصوص وجہ کے باعث منظور شدہ بجٹ سے زیادہ مصارف ناگزیر ہوں تو اسکے لئے افسر صیغہ سکریٹری متعلق وزیر انچارج کا فرض ہوگا کہ رقم مطلوبہ کی باقاعدہ تحریری منظوری حاصل کریں اگر بغیر منظوری ضابطہ کے بجٹ سے زائد مصارف ہوئے تو تمام افسران متعلقہ ہوں گے کہ اپنی جیب سے اس قسم کو پورا کریں۔ حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض تعمیل عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

سررشتہ صدر سے حسب منشاء حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۲۴ اپریل ۱۹۳۶ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم واقع ۲۵ اپریل ۱۹۳۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی ڈائرکٹر زراعت کی تنخواہ میں بیس روپیہ ماہوار اضافہ یکم مارچ ۱۹۳۶ء سے منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عرض — میر منشی

جناب عالی

بموجب حکم اجلاس ہمایوں مورخہ ۱۸ مارچ ۱۹۳۳ء مسٹر گربچن سنگھ ڈپٹی ڈائرکٹر زراعت کا عارضی تقرر تین سال کیواسطے یکم مارچ ۱۹۳۳ء سے مشاہرہ تین سو چالیس روپیہ بیس روپیہ سالانہ اضافہ منظور ہوا تھا۔ صاحب ریونیو منسٹر بہادر حسب شرط مندرجہ مدت ملازمت پوری کرکے یکم مارچ ۱۹۳۶ء سے بیس روپیہ سالانہ اضافہ کی استدعا کی ہے۔ صیغہ فنانس کو عذر نہیں ہے لہذا ترقی دی جاسکتی ہے کہ حکم ہمایوں سے منظوری اضافہ بیس روپیہ از یکم مارچ ۱۹۳۶ء نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت واقبال جاوید باد۔

عرضی فدوی ... ۲۳ اپریل ۱۹۳۶ء

[سررش]تہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ
[ہو۔ ا]صل کاغذات برائے اجرائے احکام برائے اطلاع اسٹیٹ
[کونس]ل صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی خدمت میں مرسل ہوں
[۲۶ ا]پریل ۱۹۳۷ء　　(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(واقع ۲۷ اپریل ۱۹۳۷ء)

[...] عرضداشت کی منظوری دیجاتی ہے کاغذات
[عالیمرت]بت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں
دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

[عرض]　　جناب عالی　　سلامت

[عالیمرت]بت صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے بنظر سہولت کار استدعا کی
[...] دونگے اور صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے دفاتر کو ایک
[...] دفتر قرار دیا جانا منظور فرمایا جائے کیونکہ درحقیقت
[...] انکے سکریٹری کا دفتر ایک ہی ہوتا ہے اسکے علاوہ
[...] ایگزیکٹو انجینیر اسٹاف اور صاحب ڈپٹی ڈائرکٹر زراعت
[...] راہ راست عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر سے
[...] استدعا ہے کہ آئندہ ہر دو افسران مذکور کے جو کاغذات
[دف]تر میں موصول ہوں ان میں سے معمولی کاغذات پر
[...] ریونیو سکریٹری بہادر کو عالی ریونیو منسٹر دستخط کرتے
[...] اختیار خود منظوریاں دینے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے
[کاغذا]ت اہم یا بلحاظ منظوری قسم انکے اختیارات سے زائد
[...] عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کے دستخط اور منظوری
[...] ہونگے۔ تو نتیجہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ والا ہوں سے اگر منظوری
[...] شرف نفاذ پائے تو باعث سہولت کار سرکار ہے۔

[زیا]دہ حد ادب دولت اقبال جاوید باد

عرضی
مرقومہ ۲۶ اپریل ۱۹۳۷ء　　دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔
۲۶ اپریل ۱۹۳۷ء　　(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار :-　　۲۶ اپریل ۱۹۳۷ء

ماہ دولت واقبال ۲۸ اپریل کو شب میں نہضت فرمائے دہولپور ہونگے
تین چار روز میں مراجعت ہوگی۔ ہماری غیرموجودگی میں حسب ذیل انتظام
منظور کیا جاتا ہے :-

(۱) اگر اس زمانہ میں کوئی اہم واقعہ پیش آجائے تو اسٹیٹ کونسل کا فیصلہ قطعی ہوگا

(۲) عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر
اور صاحب پی سکریٹری بہادر ہمارے ہمرکاب دہولپور رہینگے
عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام عالیمرتبت صاحب انسپکٹر
جنرل بہادر پولیس صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر کا کام ڈاکٹر
ظریف حسین اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کا کام صاحب
انچارج پرائیویٹ سکریٹری بہادر انجام دینگے۔

(۳) تاریخ امروزہ میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی رخصت
دو یوم ۲۹ و ۳۰ اپریل وطن جانے کے لئے منظور ہوئی ہے
۳۰ اپریل کو وہ براہ راست دہلی ہوکر وہاں سے ہمارے
ہمرکاب ہوجائیں۔

(۴) اجلاس ہمایوں کے معمولی کاغذات پر عالیمرتبت صاحب انسپکٹر
جنرل بہادر پولیس کو اختیار دیا جاتا ہے کہ "بی آرڈر" لکھکر دستخط کریں
اہم کاغذات تا مراجعت دفتر میں رہیں۔

(۵) قلعہ میں شب و روز عالیمرتبت منسٹر محمد عبدالرؤف صاحب بہادر رہینگے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک ایک نقل حسبہ
عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر کے پاس
بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

شرح دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

سامعہ روبکار ۱۹۳۷ء
۱۰ تا ۲۹ اپریل

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے ۔ حسب استدعائے عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر اشخاص مندرجہ تحت کو نامزد میونسپل بورڈ مقرر کیا جانا منظور ہے :-

(۱) منشی سرفراز علیخاں صاحب ولد ممتاز علیخاں صاحب ساکن محلہ گھیر شرف الدینخاں ۔

(۲) حکیم ارشد حسین خانصاحب ولد حکیم تفضل حسین خانصاحب

(۳) مرزا اشتیاق حسین صاحب وکیل ساکن محلہ بزریہ دوفخر بیگ

(۴) چودہری نتھو صاحب سابق میونسپل کمشنر

(۵) گوپی چند صاحب

(۶) ہرنام سنگھ صاحب پریسیڈنٹ دہرم سبھا رامپور ۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی — میر ساند

بعد ادب عرض ہے کہ بہنگام انتخاب میونسپل بورڈ منعقدہ ۲۴ اپریل ۱۹۳۷ء ہر سہ حلقہ جات میں بارہ ممبران کے انتخاب کی کارروائی بموجب قواعد انتخاب ہو چکی ہے ۔ حسب دفعہ ۸ الف قانون میونسپلٹی ۔ گورنمنٹ رامپور کو چھ ممبران کی نامزدگی کا حق ہے ۔ جسکے لئے اسماء مندرجہ فہرست منسلکہ تجویز کئے گئے ہیں ۔ ترتیب دہندہ ہی ہے کہ اجلاس ہمایوں سے نامزدگی چھ ممبران مندرجہ فہرست منسلکہ کی منظوری کا حکم شرف نفاذ پائے ۔

زیادہ حد ادب آفتاب دولت اقبال تاباں باد

فدوی
دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۲۰ اپریل ۱۹۳۷ء

فہرست ممبران نامزدشدہ حسب دفعہ ۸ الف قانون میونسپلٹی

(۱) منشی سرفراز علیخانصاحب ولد ممتاز علیخانصاحب ساکن محلہ گھیر ...

(۲) حکیم ارشد حسین خانصاحب ولد حکیم تفضل حسین خانصاحب ...

(۳) چودہری نتھو صاحب ۔ سابق میونسپل کمشنر

(۵) گوپی چند صاحب ۔ سابق میونسپل کمشنر

(۶) ہرنام سنگھ صاحب ۔ پریسیڈنٹ دہرم سبھا رامپور

بغرض اندراج گزٹ ڈیپارٹمنٹ پرسنل کو مرسل ہو ۔ ۲۹ اپریل ۱۹۳۷ء دستخط عالیمرتبت چیف منسٹر ... مورخہ ۲۹ اپریل

حکم :-

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے عالیمرتبت مسٹر ... صاحب چیف جسٹس بہادر کی رخصت رعایتی دو ماہ ... یوم استفادہ سے منظور ہے عالیمرتبت جسٹس ... صاحب بہادر علاوہ کار متعلقہ کے عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کا کام بھی انجام دینگے چونکہ ... صاحب چیف جسٹس بہادر کی رخصت طویل ہے اس ... عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر سماعت مقدمات کے سلسلہ میں نظام ... کے متعلق ... تک رپورٹ پیش کریں

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

سررشتہ صدر سے احکام مذکورہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے ۱۵ اپریل ۱۹۳۷ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار :- واقع ۲۹ اپریل ۱۹۳۶ء

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم)

مابدولت واقبال کی ہمشیرہ صاحبزادی معظم النساء بیگم صاحبہ عرصہ سے علیل تھیں۔ حال میں وہ بغرض علاج وتبدیل آب وہوا ڈیرہ دون گئی تھیں۔ آج تار سے معلوم ہوا کہ اُنکا انتقال ہوگیا اور نعش ڈیرہ دون سے روانہ ہوگئی ہے۔ مابدولت واقبال کو اُن کے انتقال پُرملال کا سخت افسوس ہے۔ لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) مابدولت واقبال سفر دھولپور (جس کے متعلق ۲۷ اپریل کو روبکار جاری ہوا ہے) ملتوی فرماتے ہیں۔

(۲) کُل شہر میں بازار بند رہے گا

(۳) تین روز تک کورٹ مورننگ رہے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے فوراً احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی بجملہ عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر وجملہ سکریٹری صاحبان بہادر کے پاس بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم: واقع ۲۲ر اپریل ۱۹۳۶ء

بملاحظہ کاغذات واضح ہوا کہ دفتر بندوبست کے دوا ہلکاران مسمیان محمد سبطین محافظ دفتر مشاہرہ دار تیس روپیہ اور منشی محمد منور انگلش کلرک مشاہرہ دار بیس روپیہ کی مدت ملازمت ۳۱ر دسمبر ۱۹۳۵ء کو ختم ہو چکی ہے۔ محمد سبطین کو تخفیف کر دیا گیا۔ کام باقی رہنے کی وجہ سے منشی محمد منور مشاہرہ دار بیس روپیہ کی توسیع ملازمت کی از یکم جنوری ۱۹۳۶ء تا ۳۰ر اپریل ۱۹۳۶ء اسسٹنٹ ... کی گئی ہے۔ اور ظاہر کیا گیا ہے کہ جنوری تا مارچ ۱۹۳۶ء کی تنخواہ بجٹ پٹواری فنڈ سال رواں سے ادا ہوگی جس میں گنجائش ہے۔ اور ماہ اپریل ۱۹۳۶ء کی تنخواہ بجٹ سال ۳۷-۱۹۳۶ء سے ادا ہوگی جس میں گنجائش نکل سکے گی۔ صیغہ فائنانس نے اس شرط پر توسیع سے اتفاق کیا ہے کہ کام میعاد مقررہ کے اندر ختم کرنا ہوگا۔

لہذا حسب اتفاق فائنانس منشی محمد منور انگلش کلرک مشاہرہ دار بیس روپیہ کی مدت ملازمت میں چار ماہ کی توسیع از یکم جنوری ۱۹۳۶ء تا ۳۰ر اپریل ۱۹۳۶ء منظور کی جاتی ہے۔ تنخواہ کی ادائیگی حسب صراحت بالا گنجائش بجٹ پٹواری فنڈ سے ہوگی۔ مناسب تھا کہ توسیع کی کارروائی ختم مدت سے قبل ہوتی تاکہ تنخواہ نہ ملنے سے اہلکار متعلق کو پریشانی نہ ہوتی۔ صیغہ متعلقہ کو آئندہ اس امر کا لحاظ رکھنا چاہیے۔ آئندہ توسیع منظور نہ ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام پیشی اسٹیٹ کونسل بخدمت صاحب سکریٹری بہادر کونسل مرسل ہوں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۲۲ر اپریل ۱۹۳۶ء

حسب تحریر عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایگزیکٹیو ورکس ڈپارٹمنٹ و اتفاق فائنانس سید ظہور الحسن کلرک مشاہرہ دار بیس روپیہ کی رخصت علالت چھ ماہ مزید بلا تنخواہ بعوض بیتم پرشاد محرر از ۲۰ر نومبر ۱۹۳۵ء منظور ہے۔ ایام رخصت میں عوض مذکور رخصتی کی سالم تنخواہ بیس روپیہ پائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام پیشی اسٹیٹ کونسل صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی خدمت میں مرسل ہوں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر

حکم:- واقع ۲۲ر اپریل ۱۹۳۶ء

بملاحظہ کاغذات واضح ہوا کہ بسلسلہ گریڈ ... سب اور سیر ان محکمہ ... کی تنخواہوں میں رقم ...

سائیکل الاؤنس کا عملدرآمد گریڈ لسٹ میں ہوکر رقم بجٹ اخراج کو منتقل ہو چکی ہے۔ جیسا فائنانس کی رپورٹ سے واضح ہے کہ گریڈ منظور شدہ میں اس بابت صراحت ہونے سے رہگئی تھی اسلئے خانہ کیفیت میں ایک نوٹ بدین الفاظ کہ "رقم اضافہ نقشہ ہذا میں تحریر کر دی گئی ہے لیکن کارروائی منظوری جداگانہ ہوگی" تحریر کردیا گیا تھا۔ عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے صیغہ کی تحریک پر یکم مئی ۱۹۳۶ء سے اضافہ جات مصرحہ ذیل دئے جانے سے اتفاق کیا ہے۔

نمبر شمار	نام ملازم	عہدہ	تنخواہ سابقہ	سائیکل الاونس سابقہ	رقم اضافہ	کیفیت
	منشی شاہ محمد خاں	سب اوورسیر	عہ	عہ	عہ	عہ تنخواہ عہ سائیکل الاؤنس پانچ روپئے
	بابو عبدالسلام	"	للعہ	۰	عہ	عہ سائیکل الاؤنس کل عہ پانچ روپئے
	سید واحد حسین	"	عہ	عہ	عہ	للعہ تنخواہ عہ سائیکل الاؤنس پانچ روپئے
	منشی کاظم مرزا	"	دللعہ	۰	عہ	للعہ تنخواہ عہ سائیکل الاؤنس کل عہ پانچ روپئے

لہذا حسب اتفاق فائنانس بموجب تفصیل بالا یکم مئی ۱۹۳۶ء سے رقم اضافہ کی منظوری ضابطہ دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات برائے پیشی کونسل صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی خدمت میں ارسال ہوں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

مورخہ ۲۶ اپریل ۱۹۳۶ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔

سید محمد شاہ و سید حیدر رضا اہلمدان محافظ خانہ سیکشن سے کا نام سہواً گریڈ فہرست میں درج ہونے سے رہ گیا۔ اسلئے ان کو گریڈ نہیں ملا۔

حسب مشورہ فائنانس ہر دو اہلمدان کو ان کے عہدوں کے مطابق گریڈ دئے جانے کی منظوری دیجاتی ہے۔

سید محمد شاہ اہلمد تنخواہ دار سترہ روپیہ اسوقت اضافہ گریڈ پانے کا مستحق نہیں ہے۔

سید حیدر رضا اہلمد مشاہرہ دار چودہ روپیہ کو تحت گریڈ یکم مئی ۱۹۳۶ء سے ایک روپیہ ماہوار اضافہ دیا جانا منظور ہے۔ رقم اضافہ صیغہ متعلق کے موجودہ بجٹ سے بشرط گنجائش دیجائے۔ ورنہ صیغہ فائنانس کی "رقم اضافہ جات" سے متعلق رقم کی کارروائی کیجائے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام بغرض پیشی کونسل صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی خدمت میں مرسل ہوں

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

مورخہ ۲۶ اپریل ۱۹۳۶ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب سفارش عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر باتفاق صیغہ فائنانس عملہ آبپاشی تحصیل بلاسپور کی تینوں کی دو آسامیوں میں سے ایک آسامی مشاہرہ دار پندرہ روپیہ یکم فروری ۱۹۳۶ء سے تخفیف کیجاتی ہے اور عملہ آبپاشی نہر کا نگل تحصیل شاہ آباد میں پترول کی ایک جدید آسامی بمشاہرہ دس روپیہ ماہانہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بغرض بقیہ کارروائی بخدمت عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر مرسل ہوں۔ حکم ہذا کی ایک نقل بنابر پیشی کونسل صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی خدمت میں ارسال کی جائے۔　دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر